© rasailojaraid.com

ماہنامہ
# نقیبِ ختمِ نبوت ملتان
۲ صفر ۱۴۳۰ھ ----- فروری ۲۰۰۹ء

## مجاہدینِ فلسطین کے لیے ترانہ

ہم جیتیں گے
حقّا ہم اِک دن جیتیں گے
بالآخر اک دن جیتیں گے
کیا خوف زیلغارِ اعداء
ہے سینہ سپر ہر غازی کا
کیا خوف زیورشِ جیشِ قضا
صف بستہ ہیں ارواح الشہداء
ڈر کاہے کا
ہم جیتیں گے
حقّا ہم جیتیں گے
قد جاء الحق وزھق الباطل
فرمودۂ ربِّ اکبر
ہے جنت اپنے پاؤں تلے
اور سایۂ رحمت سر پر ہے
پھر کیا ڈر ہے
ہم جیتیں گے
حقّا ہم اِک دن جیتیں گے
بالآخر اک دن جیتیں گے

(فیضؔ)



© rasailojaraid.com